
www.novelsclubb.com
آئیں! اپنی بچیوں کو سیرتِ خاتون
جنت سیدہ فاطمتہ الزہرا پڑھائیں
NC arts
از قلم سید ذیشان گیلانی
:novelsclubb
:read with laiba
03257121842

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول،افسانہ،شاعری، ناولٹ،کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک،انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

03257121842

# آئیں اپنی بچیوں کو سیرت خاتونِ جنت سیدہ فاطمتہ الزہرا پڑھائیں

از قلم

سید زیشان گیلانی

www.novelsclubb.com

💗 !آئیں اپنی بچیوں کو سیرت خاتون جنت سیدہ فاطمۃ الزھراء پڑھائیں 💗

👈 یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ کسی بھی شخصیت سے اس وقت تک پیار و محبت کا رشتہ و تعلق قائم نہیں ہو سکتا جب تک اس شخصیت کی حالات زندگی سے اور اس کی تعلیمات سے آگاہی حاصل نہ ہو۔ آج اگر ہم اپنی عزت مآب بہنوں اور عفت مآب بیٹیوں کی سیرت اور کردار کو سیدہ فاطمۃ الزہرا کی سیرت و کردار کے مطابق ڈھالنا چاہتے ہیں اور چادر تطہیر کے نیچے سایہ دلوانا چاہتے ہیں اور ان کو کنیز فاطمہ بنانا چاہتے ہیں تو پھر ہمیں اپنی بچیوں کو سیدہ زاہدہ طیبہ طاہرہ جگر گوشہ مصطفیٰ حضرت فاطمۃ الزہرا رضی عنھا کی سیرت سے آشنا اور ان کے پاکیزہ کردار سے آگاہ و روشناس کرانا پڑے گا! ان کی سیرت طیبہ و حالات زندگی سے واقفیت کی صورت

www.novelsclubb.com

میں ہی اپنی بچیوں کے دلوں میں محبت سیدہ فاطمۃ الزھراء رضی اللہ عنھما ہی اجاگر کی جاسکتی ہے۔۔ورنہ ناممکن ہے۔۔

کون تھیں ؟سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنھا۔۔ 👈

جب آپ رضی اللہ عنھا پانچ سال کی تھی تواپنے والدین کو سب سے الگ انداز میں وضو کرتے، نماز پڑھتے اور مختلف عبادات میں مشغول دیکھ رہی تھیں سید دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں اوران کی بہنوں کو جمع کرکے ان کے دل میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اوراپنی نبوت ورسالت کے پیغام کو راسخ وجاگزیں کیا۔۔انھیں وضو اور نماز کا طریقہ سکھایا، پھر سیدہ فاطمۃ رضی اللہ عنھا اپنی دیگر بہنوں کے ساتھ توحید ورسالت کی گواہی دیکر ایمان لائیں گویا کہ سیدہ کا گھر اکیلا ایسا گھر تھا جسے توحید کا گھر اور دارالایمان قرار دیا جاسکتا تھا۔۔

حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا الولد سر لابیہ۔۔۔ 👈

اولاد اپنے والدین کا راز ہوتی ہے،، آج جیسے ماں باپ ہوں گے ویسی ہی اولاد ہو گی ۔۔ باپ اگر سید دو عالم صلی اللہ علیہ و سلم جیسا تھا اور ماں سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنھا جیسی تھیں تو بیٹی سیدہ فاطمہ جیسی ہوئیں۔۔

باپ کی عبادت کا منظر یہ ہے کہ جب قیام کرتے ہیں تو پاؤں مبارک سوجھ جاتے ہیں اور ندا آتی ہے اے محبوب یا ایھا المزمل قم اللیل آلا قلیلا نصفہ او انقص منہ قلیلا ۔۔۔ اے کالی کملی اوڑھنے والے آپ اپنی عبادت کم کر دیجئے۔۔۔

اور بیٹی جس کو پیارے آقا کریم علیہ التحیہ التسلیم اسی دنیا کے اندر جنت کی خوشخبری دیکر جنتی عورتوں کی سردار کے لقب سے پکار رہے ہیں ان کی عبادت کا منظر یہ ہے کہ سردیوں کی لمبی راتوں میں ٹھنڈے پانی سے وضو کر کے رب العزت کی بارگاہ میں حاضر ہو جاتی اور سجدہ ریز ہو جاتی، سردیوں کی لمبی اور ٹھنڈی رات ختم ہو جاتی تھی لیکن فاطمہ کا ایک سجدہ بھی ختم نہیں ہو پاتا تھا جب رات ختم ہو جاتی تو رب کی بارگاہ میں عرض گزار ہوتی اے مالک و مولا فاطمہ کا ایک سجدہ بھی ختم نہیں ہونے

پاتا کہ تیری رات ختم ہو جاتی ہے اور عرض کرتی اے مالک و مولا تو فاطمہ کے لیے ایک ایسی رات بنادے کہ جس رات میں فاطمہ دل کھول کر عبادت کر لے۔۔۔

ہاں یہی فاطمہ تھیں کہ جب حسن و حسین کو سلا دیتی تو اپنے پاؤں سے انھیں 👈 جھولا دیتی تھیں اور ہاتھ سے چکی چلایا کرتی تھیں، زبان سے قرآن کی تلاوت جاری ہوتی اور دل سے اس قرآن کی تفسیر کر رہی ہوتی، دل میں اللہ رب العزت کا خوف لیکر آنکھوں سے خشیت الٰہی کے آنسو بہا رہی ہوتی تھیں۔

www.novelsclubb.com

مگر افسوس صد افسوس کہ آج کی کنیز فاطمہ سیدہ فاطمہ کی چادر تطہیر کے نیچے سایہ تو چاہتی ہیں لیکن سیدہ فاطمہ کی سیرت کو نہیں اپناتی۔۔ آج جب مائیں اپنے بچوں کو دودھ پلا رہی ہوتی ہیں تو ہاتھوں میں ٹی وی کا ریموٹ ہوتا ہے، آنکھیں بے حیائ کو

تک رہی ہوتی ہیں اور دل دنیا کی محبت میں گرفتار ہو کر دنیا کے مال و دولت کی ہوس و حرص سے بھرا ہوتا ہے۔۔

خدا کی قسم اگر یہ حال ہو گا ہماری ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کا تو ہمارے ہونے والے بچے حسن و حسین اور بچیاں سیدہ زینب جیسے نہیں ہونگے۔۔۔ کہ چھ ماہ کے علی اصغر کا لاشہ سامنے پڑا ہے شبیہ مصطفیٰ جوان علی اکبر کا خوبصورت جسم اقدس سامنے پڑا ہے مگر پھر بھی صبر اور شکر کا دامن تھام کے خیمہ سے قرآن کی تلاوت کی آوازیں بلند ہو رہی ہیں۔۔۔

www.novelsclubb.com

👈 ہاں یہی سیدہ فاطمہ تھیں جو نہ صرف گھر کے اندر بلکہ گھر سے باہر بھی حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت، دلجوئی اور غم گساری کیا کرتی تھیں۔ ہر وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت و حمایت میں کوشاں رہتی تھیں، ہمارے نبی مجتبیٰ علیہ التحیہ والثناء جب قریش کے ظلم و ستم کو برداشت کر کر کے تھکے

ہوئے گھر آتے تو سیدہ فاطمہ اپنی ماں کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی راحت رسانی کا کام کرتی اور آنکھوں کا نور دل کا سرور بن کے ہمہ وقت اپنے بابا کی خدمت ودلجوئی کرتی، غم گساری کرتی، سر اقدس سے گرد و غبار اتارتی اور زخموں پہ مرہم رکھا کرتی تھیں۔۔

👈 یہی سیدہ فاطمہ تھی کہ گیارہ یا بارہ سال کی عمر میں شعب ابی طالب میں اپنے خاندان کے ساتھ محصور کی گئی، کھیلنے کی عمر میں ہی صبر و استقامت اور ہمت و استقلال کا پہاڑ بن کے کھڑی رہیں۔۔درختوں کے پتے کھا کھا کر بظاہر اپنے جسم کو نحیف و کمزور تو کیا لیکن ایمان مزید پختہ ہو گیا۔۔

👈 یہی فاطمہ تھیں کہ جن کی خاطر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان میں تاخیر کر دی۔۔ حضور سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے استفسار پہ عرض گزار

ہوئے کہ فاطمہ کے بچے رو رہے تھے اور آپ چکی سے دانے پیس رہی تھیں تو میں نے وہ دانے پیس کر دیئے، پھر حضور سرور کائنات نبی مجتبیٰ احمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے بلال تو نے میرے جگر کے ٹکڑے فاطمہ پہ رحم کیا اللہ تعالیٰ تیرے اوپر رحم فرمائے۔۔

یہی فاطمہ تھیں کہ جن کا نکاح خود اللہ رب العزت نے آسمانوں میں کر دیا اور 👈 حضور نے اپنی لخت جگر سے فرمایا فقد انکحتک احب اھل بیتی الی۔۔

میں نے آپ کا نکاح اپنے اہل بیت میں سے اس شخص سے کیا جو مجھے سب سے زیادہ محبوب ہے۔

یہی فاطمہ تھیں کہ جن کے استقبال کے لیے حضور خود کھڑے ہو جاتے اور 👈
سفر سے جب بھی تشریف لاتے تو پہلے سیدہ فاطمہ کے گھر جاتے اس کے بعد اپنے
گھر تشریف لے جاتے۔۔

اور یہی سیدہ فاطمہ تھیں کہ جن کے حیاء اور پردے کا عالم یہ تھا کہ اس دنیا 👈
سے رحلت فرمانے کے وقت بھی اپنے پردے کا اہتمام کروا کے گئی حضرت اسماء
بنت عمیس نے ایک تختے پہ کمان کی صورت میں کئی لکڑیاں لگائی اور اس پہ کپڑا ڈال
دیا جس سے سیدہ فاطمہ کے جسم اقدس کی ساخت کا پتہ چلنا تو دور رہا اس سے جنازہ
کے مرد یا عورت ہونے کا پتہ بھی نہیں چلتا تھا۔۔

www.novelsclubb.com

اور سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنھا فرمایا کرتی تھی کہ عورت کا سب سے بڑا پردہ 👈 یہی ہے کہ عورت کسی غیر محرم مرد کی طرف نہ دیکھے اور مرد کسی غیر محرم عورت کی طرف نہ دیکھے۔۔۔

اللہ اکبر کبیرا سیدہ فاطمہ کی زندگی کا ایک ایک لمحہ ہماری ماؤں بہنوں اور 😭 بیٹیوں کے لیے اسوہ حسنہ ہے۔۔۔ آج جن بہنوں سے میرا جسم میری مرضی کے نعرے سننے کو ملتے ہیں اور بعض یہ کہتی نظر آتی ہیں کہ پردہ تو صرف دل کا پردہ ہوتا ہے اور اپنے خوبصورت جسم کی نمائش کر کے بازاروں کی زینت بنے ہوئے نظر آتی ہیں کپڑوں کے ناپاک ہونے کا بہانہ بنا کر نماز چھوڑتے ہوئے نظر آتی ہیں۔۔ کاش انہوں نے سیدہ فاطمہ کی سیرت کا مطالعہ کیا ہوتا اور ان کے کردار اور ان کے حسن اخلاق کے مطابق اپنی سیرت، کردار اور حسن اخلاق کو ڈھالنے کی کوشش کی ہوتی

۔۔۔

اللہ کریم ہماری ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کے دلوں میں سیدہ فاطمہ رضی اللہ 🤲 عنھا کی سچی محبت پیدا فرمائے اور ان کی تعلیمات پہ عمل پیرا ہو کر زندگی بسر کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔۔۔

سیدہ زاہدہ طیبہ طاہرہ 💞

💞 جان احمد کی راحت پہ لاکھوں سلام۔۔

سید محمد ذیشان گیلانی ✍